۵۱۹۔ مولانا ناصرالدین دہلوی

محترم فاضل ناصرالدین بن محمد علی حنفی، دہلوی، ابو منصور، آپ قاضی عبد الغفور، داعی پوری، قنوجی کی نسل سے تھے، ناگپور میں پیدا ہوئے، اور اپنے والد و دادا سے علم حاصل کیا۔ پھر انگریزی زبان سیکھی۔

توراۃ وانجیل کی تعلیم

توراۃ، انجیل کو یہود و نصاریٰ کے علماء سے باضابطہ پڑھا۔ پھر نصاریٰ سے ہی مناظرہ میں عمر صرف کی۔ ملت حنفیہ کی طرف سے اپنے قوائے بدن کو ختم کر ڈالا۔

تصانیف

آپ نے بڑی بڑی کتابیں تصنیف کیں۔ آپ قرآن پاک کی ایک نئے انداز سے

تفسیر کرنا چاہتے تھے، یعنی تفسیر قرآن پاک کی صحیح احادیث سے تفسیر کرتے اور توراۃ وانجیل سے اس کی تصدیق کرتے تھے، مگر افسوس ہے کہ وہ پوری نہ ہوسکی آپ کی تصنیفات میں سے

(۱) نوید جاوید (۲) دولت فاروق (۳) عقوبة الضالین علی هداية المسلمین لعماد الدین المسیحی (۴) الاستیصال فی الرد علی المسیح الدجال لرام چندر مسیحی (۵) رقیمة الوارد فی الرد علی نیاز نامه لصفدر علی المسیحی (۶) لحن داؤدی فی الرد علی نغمة طنبوری للعماد المذکور (۷) انعام عام فی الرد علی آئینة اسلام لرجب علی المسیحی (۸) افحام الخصام فی الرد علی تفتیش الاسلام لراجرس المسیحی (۹) تصحیح التاویل فی الرد علی تفسیر المکاشفات للعماد المذکور (۱۰) اعزاز القرآن فی الرد علی اعجاز القرآن لرام چندر المذکور (۱۱) میزان المیزان فی الرد علی میزان الحق لفنڈر الانکلیزی (۱۲) مجموعه وعظ ویادداشت (۱۳) الشلاق فی الرد علی تهذیب الاخلاق الجریده للسید احمد بن محمد المتقی الدهلوی. (۱۴) حرز جان فی الرد علی اصلية قرآن لعبد الله آتهم المسیحی (۱۵) التبیان فی الاجوبة الاسئلة النصاریٰ (۱۶) مصباح الابرار فی الرد "علی مفتاح الاسرار" لفنڈر المذکور (۱۷) التادیب (۱۸) نمونه تحریف (۱۹) تشویش القسیسین (۲۰) المحاکمة بین عقوبة الضالین وهداية المسلمین (۲۱) تنقیح البیان فی الرد علی تفسیر القرآن للسید احمد المذکور.

آپ نے ۱۳۲۰ھ میں وہاں ہی انتقال فرمایا

چودھویں صدی کے
علمائے برصغیر

ترجمہ

نزھتہ الخواطر (جلد ہشتم)

تصنیف

مولانا سید عبدالحی بن فخر الدین الحسنیؒ

تکمیل

مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

اردو ترجمہ

مولانا انوار الحق قاسمی صاحب

دارالاشاعت کراچی